# 11-08-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاستی حکومت نے راجیو گاندھی سیولس ابھئے استھم پروگرام کے تحت سیول سرویس مینس امتحان میں کامیاب 178 امیدواروں میں آج فی کس ایک لاکھ روپے کی ترغیبی امداد تقسیم کی۔

۲۔ انفارمیشن تکنالوجی اور صنعتوں کے وزیر سری دھر بابو نے کہا ہے کہ فون ٹیپنگ معاملہ کی جاریہ تحقیقات میں کوئی سیاسی مداخلت نہیں کی جارہی ہے۔

۳۔ تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر اور ایم ایل سی مہیش کمار گوڑ نے آج چیف منسٹر ریونت ریڈی سے جوبلی ہلز میں ان کی قیام گاہ پر ملاقات کی۔

اور

۴۔ سیاحتی انفرااسٹرکچر کی ترقی کیلئے مرکزی وزارتِ سیاحت تلنگانہ کے بشمول مختلف ریاستوں اور مرکزی زیرانتظام علاقوں کو مختلف اسکیموں کے تحت مالی امداد فراہم کررہی ہے۔

WEATHER

دفتر موسمیات نے انتباہ دیا ہے کہ تلنگانہ کے بعض علاقوں میں آئندہ 72 گھنٹوں کے دوران شدید تا انتہائی شدید بارش ہوسکتی ہے۔ بھدرادری کوتہ گوڑم، جگتیال، جےشنکر بھوپال پلی، کمرم بھیم آصف آباد، محبوبہ آباد، منچریال، ملگو، پداپلی اور یادادری بھونگیری اضلاع میں اکادکا مقامات پر گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ شدید بارش کا امکان ہے۔ تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون سرگرم ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران جوگولامبا گدوال، نارائن پیٹ، وقارآباد اور رنگاریڈی اضلاع میں اکادوکا مقامات پر شدید بارش ہوئی۔ اسی مدت کے دوران ریاست کے بیشتر علاقوں میں بارش ریکارڈ کی گئی۔

DEWORMING

نیشنل ڈی وارمنگ ڈے کے موقع پر ریاستی وزیر صحت داموررا ج نرسمہا نے طلبہ میں دوا کی تقسیم کی ریاست گیر مہم کا افتتاح کیا۔انہوں نے حیدرآباد کے شیخ پیٹ میں تلنگانہ سوشل ویلفیر گروکل اسکول میں طلبہ میں دوا تقسیم کیئے ۔اس مہم کے تحت ریاست میں تمام سرکاری اور خانگی اسکولوں اور آنگن واڑی سنٹرس میں تقریباً 98 لاکھ بچوں میں ڈی وارمنگ گولیاں تقسیم کی جارہی ہیں۔اس موقع پر وزیر صحت نے کہا کہ بچوں کی صحت اور سلامتی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ایک سال سے لے کر 19 سال کی عمر کے بچوں سے اپیل کی وہ البینڈازول گولیاں استعمال کریں۔خاندانی بہبود کی کمشنر سنگیتا ست نارائنہ حیدرآباد کی ضلع کلکٹر داسری ہری چندنا اور دیگر عہدیدار اس موقع پر موجود تھے۔

SOUND BYTE

TPCC

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر اور ایم ایل سی مہیش کمار گوڑ نے آج چیف منسٹر ریونت ریڈی سے جوبلی ہلز میں ان کی قیام گاہ پر ملاقات کی۔ دونوں لیڈروں نے سیاسی اور تنظیمی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں کے درمیان 90 منٹ کی یہ ملاقات دہلی میں پسماندہ طبقات کیلئے تحفظات کے معاملہ پر دھرنے کے پیش نظر اہمیت کی حامل ہے۔دونوں قائدین نے پسماندہ طبقات کیلئے 42 فیصد تحفظات پر عمل آوری کے سلسلہ میں اگلے اقدام پر غور کیا۔ دونوں قائدین نے ٹی پی سی سی کی سیاسی امور کمیٹی کے اجلاس کی تیاریوں کا بھی جائزہ لیا۔ یہ اجلاس جلد منعقد ہونے والا ہے۔ پارٹی کے ذرائع نے بتایا کہ سیاسی امور کی کمیٹی پسماندہ طبقات کیلئے تحفظات پر عمل آوری اور مجالس مقامی کے انتظامات کیلئے حکمتِ عملی کے بارے میں فیصلہ کرے گی۔ چیف منسٹر اور ٹی پی سی سی صدر نے عوام کو کانگریس حکومت کی ترقیاتی اور فلاحی اسکیموں سے واقف کروانے کے لئے اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

BHATTI

ریاستی حکومت نے راجیو گاندھی سیولس ابھئے استھم پروگرام کے تحت سیول سرویس مینس امتحان میں کامیاب 178 امیدواروں میں آج فی کس ایک لاکھ روپے کی ترغیبی امداد تقسیم کی۔ اِس پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ حکومت سیول سرویس میں تلنگانہ کی سب سے زیادہ نمائندگی کو یقینی بنانے کی پابند ہے۔انہوں نے کہا کہ مین کوالیفائرس کو ایک لاکھ روپے کی امداد کے علاوہ انٹرویو کے مرحلہ تک پہنچنے والوں کو مزید ایک لاکھ روپے دیئے جائیں گے اور انہیں دہلی میں قیام کی سہولت فراہم کی جائے گی۔گزشتہ سال سیول سرویس میں منتخب 10 امیدواروں کو خصوصی اعزازات پیش کئے گئے۔

SOUND BYTE

جمہوریت کی بقاء میں بیوروکریسی کے اہم رول پر زور دیتے ہوئے ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ سیول سرویس عوام کی زندگی میں تبدیلی لانے کے لئے ایک طاقتور موقع فراہم کرتا ہے۔سنگارینی کالریز کمپنی کے زیراہتمام چکوں کی تقسیم کی یہ تقریب پرجا بھون میں منعقد ہوئی۔

BETTING

ٹالی ووڈ اداکار رانا دگوباٹی ممنوعہ بیٹنگ ایپس کے مبینہ فروغ سے متعلق کیس میں پوچھ تاچھ کے لئے آج انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے روبرو حاضر ہوئے۔ای ڈی نے انہیں حال ہی میں انہیں نوٹس جاری کی تھی۔ان سے کہا گیا کہ وہ بیٹنگ ایپ کی تشہیر کے لئے ملنے والے معاوضہ کی تفصیلات پیش کریں۔رانا کو گزشتہ مہینہ طلب کیا گیا تھا لیکن وہ اپنی مصروفیت کی وجہ سے حاضر نہ ہوسکے۔ ذرائع نے بتایا کہ ای ڈی کے دفتر پر تقریباً 4 گھنٹوں تک رانا سے پوچھ تاچھ کی گئی۔ پوچھ تاچھ کے دوران ان کے مالی لین دین سے متعلق تفصیلات حاصل کی گئیں۔ اسی کیس میں ای ڈی نے اداکاروں پرکاش راج اور وجئے دیورکنڈہ سے پوچھ تاچھ کی ہے۔

CONDEMNED

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے مبینہ انتخابی بدعنوانیوں کے خلاف دہلی میں احتجاج کے دوران راہول گاندھی، پرینکا گاندھی دیگر کانگریسی لیڈروں اوراپوزیشن کے کئی ارکان پارلیمنٹ کودہلی پولیس کی جانب سے حراست میں لئے جانے کی مذمت کی ہے۔ یہ قائدین انتخابی دھاندلیوں کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے پارلیمنٹ سے الیکشن کمیشن کے دفتر تک ریالی کی شکل میں جارہے تھے۔ ریونت ریڈی نے ان قائدین کوحراست میں لئے جانے کی مذمت کرتے ہوئے اسے ایک غیر جمہوری حرکت قراردیا۔تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدرمہیش کمار گوڑ نے بھی اے آئی سی سی کے صدر ملکارجن کھرگے،لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈرراہول گاندھی،کانگریس کی لیڈر پرینکا گاندھی اورانڈیا بلاک کے دیگرارکانِ پارلیمنٹ کی گرفتاری کی مذمت کی ہے۔

SRIDHAR BABU

انفارمیشن تکنالوجی اورصنعتوں کے وزیرسری دھربابو نے کہاہے کہ فون ٹیپنگ معاملہ کی جاریہ تحقیقات میں کوئی سیاسی مداخلت نہیں کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ خصوصی تحقیقات ٹیم کے عہدیدار یہ طئے کریں گے کہ پوچھ تاچھ کیلئے کسے طلب کرنا ہے۔کریم نگرضلع کے دورہ کے دوران میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئےسری دھربابونے کہا کہ حکومت میڈی گڈہ پراجکٹ جیسے واقعات کوروکنے کے لئے تمام ضروری احتیاطی اقدامات کررہی ہے۔انہوں نے بی جے پی پر الزام لگایا کہ اس نے بی آرایس کے ساتھ ساز باز کرلی ہے۔ سریدھربابونے نے یاددہانی کرائی کہ کانگریس پارٹی نے انتخابی منشورمیں کالیشورم پراجکٹ کی عدالتی تحقیقات کاوعدہ کیاتھااوراس وعدہ کی تکمیل کردی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پسماندہ طبقات کے لئے 42 فیصد تحفظات کا معاملہ صدرجمہوریہ کے پاس زیرالتوا ہے۔انہوں نے بی جے پی کے ارکانِ پارلیمنٹ سے پوچھا کہ انہوں نے اس مسئلہ پرجنترمنترپرکانگریس پارٹی کے حالیہ احتجاج کی تائید کیوں نہیں کی۔

SOUND BYTE

سریدھربابونے بی سی تحفظات کے مسئلہ پربی آرایس کے لیڈروں کی سنجیدگی پرشکوک وشبہات کااظہارکیا۔

PONGULETI

ریاستی وزیر مال پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے آج کھمم میں اپنے کیمپ آفس پر کھمم رورل منڈل اور ایدولا پورم بلدیہ کے استفادہ کنندگان میں چیف منسٹرس ریلیف فنڈ کے چک تقسیم کئے۔اس پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیمپ آفس کے انچارج ٹی دیاکر ریڈی نے کہا کہ ضلع کے پالیر وحلقہ میں 400 سے زیادہ استفادہ کنندگان میں ہر مہینہ ایک کروڑ روپے کے چکس تقسیم کئے جارہے ہیں۔آج 94 استفادہ کنندگان میں 31 لاکھ روپے چکس تقسیم کئے گئے۔انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی کی قیادت میں اور ریاستی وزرا ملوبھٹی وکرامارکہ، پنگولیٹی سرینواس ریڈی اور تملا ناگیشور راؤ کی کوششوں سے متحدہ کھمم ضلع تیزی کے ساتھ ترقی کررہا ہے۔

TOURISM

سیاحتی انفرااسٹرکچر کی ترقی کیلئے مرکزی وزارتِ سیاحت تلنگانہ کے بشمول مختلف ریاستوں اور مرکزی زیرانتظام علاقوں کو مختلف اسکیموں کے تحت مالی امداد فراہم کررہی ہے۔ان اسکیموں میں سودیش درشن، سودیش درشن 2.O چیالنج بیسڈ ڈسٹی نیشن ڈیولپمنٹ، پرشاد اور اسسٹنس ٹو سنٹرل ایجنسیز فار ٹوریزم انفرااسٹرکچر ڈیولپمنٹ شامل ہیں۔وزارتِ سیاحت اہم سیاحتی مراکز اور غیر معروف مقامات کو فضائی رابطہ کی فراہمی کیلئے وزراتِ شہری ہوابازی کے ساتھ مل کر کام کررہی ہے۔وزارتِ سیاحت نے اس مقصد کیلئے 53 سیاحتی روٹس کی نشاندہی کی ہے جن میں حیدرآباد۔ودیانگر اور ودیانگر۔حیدرآباد روٹ شامل ہیں۔

OO